ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(11)

05.01.2023

# بہاولپور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار پرانے ملزمان کی گرفتاریوں اورقانونی کاروائی کے حوالے سے ضلعی پولیس کوٹاسک،مفرورملزمان کوگرفتارکر کے مقدمات کو یکسوکریں،روزانہ کی بنیاد پر ہر تھانے کی پراگرس چیک کروں گا،ڈی پی او

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اورایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کی مفرورملزمان کی گرفتاریوں کے حوالے سے مہم کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے بہاولپور کے تمام تھانوں کو پرانے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاریوں اوران کے خلاف ضابطہ کی کارروائیاں کرنے کا ٹاسک دے دیا،ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اورتکنیکی وسائل کو بروئے کارلاتے ہوئے گرفتارکر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پرتفتیشی افسران سے کوآپریشن کر کے ملزمان کی نقل وحرکت کاتعین کریں اور ہرممکن وسائل کوانویسٹی گیشن اورآپریشن میں استعمال کیا جائے، میں روزانہ کی بنیاد پرتمام ضلع کے تھانوں کی پراگرس چیک کروں گا اورجن کی پرفارمنس میں کمی ہوئی ان کواس کا جواب دینا پڑے گا اوراچھی پرفارمنس والے افسران کوسرٹیفکیٹس اور انعامات تقسیم کیے جائیں گے۔کمیونٹی پولیسنگ کے ساتھ ساتھ جرائم پرقابو پانا اورملوث ملزمان کوگرفتار کرنا ہماری ہراول ڈیوٹی ہے۔شہریوں کی دادرسی اس صورت میں ہوسکتی ہے جب ہم ان کے جان و مال کا نقصان کرنے والے افراد کوآہنی ہاتھوں سے نمٹیں گے،ان خیالات کا اظہارڈی پی اوعبادت نثار نے بہاولپور پولیس کے افسران کوجاری ہدایات میں کیا۔

ترجمان بہاول پور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (12)

05-01-2023

**بہاولپور() پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری، گذشتہ سال 2022 میں 599960 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان اشتہاری کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 319 مجرمان اشتہاری اور 110 عدالتی مفرران کو گرفتار کرلیا۔جبکہ کل 218274 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 772 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کی جارہی ہے۔ جرائم سے پاک معاشرہ ہمارا عزم ہے، ڈی پی او عبادت نثار**

تفصیل کے مطابق ڈی پی او بہاولپور عبادت نثار کی ہدایت پر جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کا سلسلہ جاری ہے ۔گذشتہ سال 2022 میں بہاولپور پولیس نے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے چیکنگ کا سلسلہ کا جاری رکھتے ہوئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مشکوک افراد، مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ جاری ہے، دوران چیکنگ 599960 مشکوک لوگوں کو چیک کیا جس کے تناظر میں مجرمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 319 مجرمان اشتہاری اور 110 عدالتی مفرران کو بھی گرفتار کرلیا۔جبکہ کل 218274 مشکوک گاڑیوں کو چیک کیا گیا جس پر 772 گاڑیوں کا سراغ لگایا گیا۔اس موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کیں کہ روزانہ کی بنیاد پر ایسی کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔کرائم کی شرح پر ہر صورت قابو پانے اور ملزمان کو ٹریس کرنے اوران کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔تاکہ علاقہ میں امن وامان کی فضا برقرار رہے۔ پرانے مجرمان اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے تھانہ کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دے کران مجرمان کی گرفتاری کو یقینی بنایا جائے۔علاقے کو منشیات سے پاک کرنے میں اپنا کردار ادا کریں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کو یقینی بنائے تاکہ نوجوان نسل محفوظ ہاتھوں میں پروان چڑھے۔جبکہ تفتیشی اسٹاف کو ملزمان کو بہترین تفتیشی طریقہ کار کے ساتھ سائنسی وتکنیکی مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کی ہدایت کی۔ضلعی پولیس سربراہ نے تھانہ جات میں آنے والے سائلین کو خوش اخلاقی سے پیش آنے سمیت ہر ممکن قانونی معاونت فراہم کرنے اور لوگوں کے مسائل کے حل کرنے پر زور دیا۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاولپور: پولیس کی جانب سے سمارٹ پولیسنگ کے ذریعے مشکوک اشخاص وگاڑیوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری